شرائط نیلامی شکار ماہی بابت چشمہ جہلم برائے تین سال 27-2026 تا 29-2028

1- ٹھیکہ ہذا کی میعاد، تاریخ اجراء لائسنس / پٹہ تا 31 اگست 2029ء ہو گی۔

2- ٹھیکہ شکار ماہی چشمہ جہلم جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر نیلام ہو گا۔

3- ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکوا کلچر و ماہی پروری و دیگر مجاز افسران، پنجاب فشریز آرڈیننس 1961ء اور پنجاب فشریز رول 1965ء (و قتاً فوقتاً ترمیم شدہ) اور پنجاب ڈیلیگیشن آف فنانشل پاور رولز 2016ء کے مطابق لیز / پٹہ کی منظوری دیں گے۔

4- چشمہ جہلم کی سرکاری بولی سابقہ بولی کی رقم میں دس فیصد (10٪) اضافہ کر کے مقرر ہو گی۔

5- ٹھیکہ میں حصہ لینے کے لیے ہر بولی دہندہ کو مقررہ سرکاری بولی کی تیس فیصد (30٪) رقم بطور سیکورٹی PSID کے ذریعے جمع کروانا لازم ہو گا، جو ای آکشن ویب سائٹ پر درخواست دیتے وقت خودکار طور پر جنریٹ ہو گا۔۔ ناکام بولی دہندگان کی سیکورٹی واپس کر دی جائے گی، جبکہ کامیاب بولی دہندہ کی سیکورٹی ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکوا کلچر و ماہی پروری، پنجاب کی جانب سے بولی کی حتمی منظوری تک بطور امانت محکمہ کے پاس رہے گی۔

6- کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی تاریخ سے پانچ (05) ورکنگ ایام کے اندر مجوزہ پہلی قسط کی مکمل رقم جمع کروانا لازم ہو گی۔ مقررہ مدت کے اندر پہلی قسط جمع نہ کروانے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی تمام سیکورٹی بحق سرکار ضبط (Forfeiture) کر کے مذکورہ پانی کو دوبارہ نیلام کر دیا جائے گا اور نادہندہ کو محکمہ ایکوا کلچر و ماہی پروری پنجاب کے تحت ہونے والی آئندہ کسی بھی نیلامی / ای-آکشن میں حصہ لینے کے لیے بلیک لسٹ (Blacklist) کر دیا جائے گا۔

7- بولی کی منظوری میں تاخیر کے سبب، پانی و مچھلی کی کمی وبیشی کی صورت میں محکمہ پر قطعاً کوئی ذمہ داری عائد نہ ہو گی نیز بولی دہندہ محکمہ سے کسی قسم کا ہرجانہ طلب کرنے یا میعاد ٹھیکہ بڑھانے کا مطالبہ کرنے کا مجاز نہ ہو گا۔

8- سب سے زیادہ بولی دہندہ اپنی بولی کا تا منظوری لیز / پٹہ پابند ہو گا۔ تاہم حتمی منظوری سے پہلے کوئی بھی شخص جو سابقہ نیلامی میں موجود نہ ہو آخری بولی کی رقم بمعہ 50٪ اضافی رقم یعنی کل پیش کردہ رقم کا بینک ڈرافٹ پے آرڈر یا کیش ڈیپوزٹ رسید (CDR) بذریعہ مقامی آفیسر نیلام کنندہ جمع کروا کر دوبارہ نیلامی کے انعقاد کیلئے ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکوا کلچر و ماہی پروری پنجاب کو درخواست کر سکتا ہے۔ واضح رہے کی پیشکش دہندہ اگر نیلامی میں حصہ نہیں لیتا تو نیلامی روکی نہ جائے گی اور اُس کی پیش کردہ رقم اُس کی بولی

9- محکمہ ایکوا کلچر و ماہی پروری پنجاب یا گورنمنٹ کے کسی قسم کے بقایادار / نادہندہ، بلیک لسٹ ٹھیکیدار / پٹہ دار یا وہ فرد جو سال رواں یا سابقہ سالوں میں کسی ٹھیکہ / پٹہ میں بولی سے منحرف یا رقم جمع کروانے سے قاصر رہا / رہے ہوں، بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا / ہوں گے۔

10- (الف) کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی کل رقم 9 اقساط میں ادا کرنا ہو گی۔ پہلی قسط کی رقم سیکورٹی سے کم ہونے کی صورت میں جمع شدہ کل سیکورٹی کی رقم پہلی قسط تصور ہو گی اور بقیہ رقم آٹھ برابر اقساط میں، بمطابق مندرجہ ذیل شیڈول ادا کرنا ہو گی۔

پروگرام برائے ادائیگی رقم ٹھیکہ

سال 27-2026	پہلی قسط	بر موقع نیلام ٹھیکہ
	دوسری قسط	تاریخ منظوری سے 2 ماہ کے اندر
	تیسری قسط	تاریخ منظوری سے 4 ماہ کے اندر
سال 28-2027	پہلی قسط	1 اگست 2027
	دوسری قسط	1 اکتوبر 2027
	تیسری قسط	1 دسمبر 2027

ASSISTANT DIRECTOR FISHERIES MIANWALI

Deputy Director Fisheries Sargodha Division

SENIOR ECONOMIST
DEPARTMENT OF FISHERIES
HEADQUARTER, LAHORE

DOF
Arif Mahmood Butt (Assistant)
as_stat_hq 154.80.51.90
10/9/2026 2:51:01 PM

CamScanner

سال2028-29	پہلی قسط	1اگست2028
	دوسری قسط	1اکتوبر2028
	تیسری قسط	1دسمبر2028

(ب) کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی منظوری کے سات ایام کے اندر آفیسر مجاز ٹھیکہ/ایلام کنندہ کو کل ٹھیکہ کی رقم کا تینتیس فیصد (33٪) گروی نامہ (Pledge Deed)/بینک گارنٹی دینا ہو گی۔ جو کہ ٹھیکہ کی مدت کے کامیاب اختتام پر واپس کر دی جائے گی۔

(ج) گروی نامہ(Pledge Deed)، رقم سیکیورٹی اور بنک گارنٹی کے عوض ٹھیکہ دار کسی قسم کے منافع یا مراعات کا حق دار نہ ہو گا۔

11- لائسنس/پٹہ برائے شکار ماہی بمطابق جدول ٹھیکہ کی پہلی قسط کی رقم کی ادائیگی کے بعد سالانہ کی بنیاد پر جاری کیا جائیگا۔ نیز دوران ٹھیکہ اگر ٹھیکیدار اپنی قانونی ذمہ داریاں پورا کرنے یا رقم ٹھیکہ کی ادائیگی سے قاصر رہا تو ٹھیکیدار کو اظہار وجوہ کا نوٹس دے کر اس کا ٹھیکہ شکار ماہی منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ جاری شدہ لائسنس/پٹہ بحق سرکار ضبط کر لئے جائیں گے اور رقم نادہندگی بطور مالیہ مجوزہ(Land Revenue Act) کے تحت وصول کی جائیگی۔

12- ٹھیکیدار موسم بندی یکم جون تا 31اگست (ہر سال) کے دوران (ماسوائے کنڈی ڈوری کے)، جال سے شکار کرنے اور بمطابق پنجاب فشریز آرڈیننس 1961 اور پنجاب فشریز رولز1965 ممنوع اقسام مچھلی پکڑنے سے باز رہے گا۔

13- ٹھیکیدار/پٹہ دار کی طرف سے پنجاب فشریز آرڈیننس/فشریز رولز اور شرائط نیلامی کی خلاف ورزی و تمام تر ممنوعہ طریقہ ہائے فشنگ بشمول الیکٹرک فشنگ و زہر پاشی، دھماکہ خیز مواد، وغیرہ استعمال کرنے پر یا شکار ماہی کے علاوہ کسی بھی دیگر غیر قانونی سرگرمیوں بلخصوص وائلڈ لائف یا جنگلات کی تلفی میں ملوث پایا گیا تو ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکوا کلچر و ماہی پروری کو حق حاصل ہو گا کہ وہ پٹہ و تمام جاری شدہ پرمٹ منسوخ کر کے تمام جمع شدہ رقم اور زر ضمانت بحق سرکار ضبط کر کے پانی دوبارہ نیلام کر دے۔

14- شکار ماہی کے لیے جو بھی جال استعمال ہو گا اسکی آنکھ کا گھیرہ گرہ سے گرہ تک ڈیڑھ انچ اور کُل گھیرہ(6)انچ سے کم نہ ہو گا۔ تاہم یک رگہ (monofilament) نائیلون لڑی کا استعمال ممنوع ہے۔ خلاف ورزی پر متعلقہ افسر لیز/پٹہ کی منسوخی کے لئے کاروائی کا مجاز ہو گا۔

15- محکمہ ایکوا کلچر و ماہی پروری صوبہ پنجاب کسی بھی وقت افزائش نسل و دیگر تحقیقی اور ترقیاتی مقاصد کے لئے نیلام شدہ پانی سے کسی بھی نسل کی زندہ مچھلیاں بلا معاوضہ زیادہ سے زیادہ ایک ہزار کلو گرام سالانہ پکڑنے کا مجاز ہو گا۔

16- حکومت پنجاب کی جانب سے مقرر کردہ انسپکٹر فشریز کسی شخص، کشتی، مچھلی، جال، لینڈنگ سینٹر، مچھلی کی ترسیل میں استعمال ہونے والی گاڑی اور دیگر سامان ہائے ماہی گیری کو چیک کرنے اور کسی قانونی شرائط ہائے ضابطہ کی خلاف ورزی کی صورت میں تادیبی کاروائی کرنے کا مجاز ہو گا۔

17- ٹھیکیدار یا اس کے نمائندے سرکاری تنصیبات، پراپرٹی و آلات کو نقصان پہنچانے اور حکومتی اداروں کی روزمرہ سرگرمیوں میں رکاوٹ ڈالنے سے باز و ممنوع رہیں گے۔ خلاف ورزی کی صورت میں جملہ نتائج کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر عائد ہو گی۔ نیز جملہ نقصان کی تلافی بھی ٹھیکیدار کو کرنا ہو گی۔

18- ٹھیکہ دار نیلام شدہ پانی کو جزوی یا کلی طور پر دوبارہ نیلام/sublet کرنے کا مجاز نہ ہو گا۔

19- کسی موسمی/حیاتیاتی تبدیلی، آسمانی و ناگہانی آفات، دفاعی مقاصد، پانی و مچھلی میں کمی و بیشی کا محکمہ قطعی طور پر ذمہ دار نہ ہو گا۔ محکمانہ ڈویلپمنٹ کی صورت میں محکمہ ٹھیکہ/پٹہ منسوخ کرنے کا مجاز ہو گا تاہم اس صورت میں تاوقت معیاد ٹھیکہ کے تناسب سے ٹھیکہ/پٹہ دار کو بقایا رقم کلیم پر واپس کر دی جائے گی۔

20- کامیاب بولی دہندہ مذکورہ ٹھیکہ کی ہر سال میں جمع ہونے والی کل رقم پر گورنمنٹ کی طرف سے لاگو کردہ ایڈوانس انکم ٹیکس پہلی قسط کے ہمراہ ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ نیز گورنمنٹ کی طرف سے لاگو کردہ کسی بھی وقت، کسی بھی قسم کے ایڈوانس انکم ٹیکس و دیگر ٹیکس ادا کرنے کا پابند رہے گا۔

21- ٹھیکیدار/پٹہ دار محکمہ فشریز سے NOC لینے والے کیج فش کلچرسٹ(Cage Fish Culturist) کو نیلام شدہ سرکاری پانی کے مختص ایریا میں کیج لگانے سے روکنے کا مجاز نہ ہو گا۔

ASSISTANT DIRECTOR FISHERIES MIANWALI

Deputy Director Fisheries Sargodha Division

SENIOR ECONOMIST
DEPARTMENT OF FISHERIES
HEADQUARTER, LAHORE

DOF

CamScanner

22- ٹھیکیدار / پٹہ دار سرکاری پانی کے مستقبل کی منصوبہ بندی اور ترقی کے لیے مچھلی کی پیداوار و دیگر معلومات محکمہ کو دینے کا پابند ہوگا۔

23- ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکوا کلچر وماہی پروری پنجاب کو اختیار ہوگا کہ حتمی منظوری سے قبل کسی بھی مرحلہ پر سابقہ بولی منسوخ کر کے لیز / پٹہ دوبارہ نیلام کر دیں۔

24- کسی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکوا کلچر وماہی پروری کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

ڈائریکٹر جنرل محکمہ ایکوا کلچر وماہی پروری

میں نے جملہ شرائط نیلامی لیز / پٹہ عوام الناس کی موجودگی میں پڑھ / سن لی ہیں اور ان کو قبول کر کے بولی میں حصہ لیا ہے۔

نمبر شمار	نام و پتہ بولی دہندہ	شناختی کارڈ نمبر	دستخط / نشان انگوٹھا

بولی دہندہ / پٹہ دار

دستخط تصدیق کنندہ

نام و دستخط آفیسر نیلام کنندہ

اسسٹنٹ وارڈن فشریز، ضلع____________

DOF
Arif Mahmood Butt (Assistant)
as_stat_hq 154.80.51.80
10/9/2026 2:51:01 PM

ASSISTANT DIRECTOR FISHERIES MIANWALI

Deputy Director Fisheries Sargodha Division

SENIOR ECONOMIST
DEPARTMENT OF FISHERIES
HEADQUARTER, LAHORE